© rasailojaraid.com



میں منقسم ہے اور ہر حصہ یا جلد دو قرآنی پاروں پر مشتمل ہے۔ ہر جلد میں ۸۰ صفحات ہیں اور کل صفحات کی تعداد ۱۲۰۰ ہے۔ ساری جلدیں جامع مسجد بڑودہ میں محفوظ تھی مگر نقصان پہنچنے کے بعد ان کو دار العلوم میں منتقل کر دیا گیا ہے۔

تقریبِ اجراء کا آغاز تلاوتِ قرآنِ مجید سے ہوا۔ یہ فریضہ دار العلوم بڑودہ کے طالب علم قاری طیب صاحب نے انجام دیا، بعد ازاں دار العلوم ہی کے ایک دوسرے طالب علم نے نعتِ شریف سے حاضرین کو محظوظ کیا۔ اس کے بعد مولانا رفیق صاحب (محدثِ دار العلوم بڑودہ) نے استقبالیہ کلمات ادا فرمائے اور دو طالب علموں نے فارسی میں تقریریں کیں۔ پھر مہمانِ خصوصی سفیر ایران اور خواجہ پیری صاحب کی گل پوشی ہوئی۔

اس کے بعد جناب محمد حنیف دائما کمار صاحب نے دنیا کے سب سے بڑے نسخۂ قرآنِ حکیم کا باقاعدہ تعارف کرایا اور اس کے کاتب 'جناب محمد غوث مرحوم' کے حالاتِ زندگی پر بھی مختصراً روشنی ڈالی۔ پھر سفیرِ ایران کے بدست رسمِ اجرا ادا ہوئی۔ رسمِ اجرا کی ادائیگی کے بعد موصوف نے حاضرینِ جلسہ سے انگیزی میں خطاب فرمایا۔ تقریب کے آخری مرحلے میں خواجہ پیری صاحب نے اردو میں ایک مختصر تقریر کی، جس میں انھوں نے ہندوستان میں اپنے ۳۲ سالہ قیام کا ذکر کیا اور عربی و فارسی مخطوطات کی حفاظت سے متعلق اپنی گراں قدر خدمات کی تفصیل پیش کی۔ پھر محترم جناب منشی صاحب (جنرل سکریٹری مسجد سبھا) نے کلماتِ تشکر ادا فرمائے۔ یہ بابرکت جلسہ مولانا رفیق صاحب کے دعائیہ کلمات پر اختتام پذیر ہوا۔ نظامت کے فرائض جناب منشی صاحب اور جناب صادق پٹیل صاحب (صدر ہیومن ویلفیر ٹرسٹ، بڑودہ) نے انجام دیے۔

(مرسلہ: ڈاکٹر مقصود احمد
ریڈر شعبۂ عربی بڑودہ یونیورسٹی، گجرات)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



قرآنیات کا ایک گراں قدر مجموعہ

# قرآنی مقالات

جس میں مولانا حمید الدین فراہیؒ، ان کے تلامذہ اور حاملینِ فکرِ فراہی کے قلم سے

☆ فلسفہ نظم قرآن اور قرآن مجید کی ترجمانی کے اصول بتائے گئے ہیں۔
☆ بعض مشکل قرآنی آیات کی دل نشیں تشریح کی گئی ہے۔
☆ بعض قرآنی مباحث پر اہم تحقیقاتی مضامین شامل ہیں۔
☆ اقسام القرآن کے سلسلہ میں افکار فراہی کی مدلل ترجمانی کی گئی ہے۔
☆ قرآنی تعلیمات: تقوی، خلوص اور مومن کی مطلوبہ صفات بیان کی گئی ہیں۔

دائرہ حمیدیہ (مدرسۃ الاصلاح، سرائے میر اعظم گڈھ) کے قدیم ترجمان

## ''الاصلاح''

میں نصف صدی پیشتر شائع شدہ نایاب مقالات کا ایک نادر انتخاب۔

عمدہ کاغذ، معیاری کتابت وطباعت

صفحات : ۳۲۰ قیمت : ۶۰ روپیے Rs.60/

ادارہ علوم القرآن، شبلی باغ، نزد ذاکر حسین ہوسٹل، دھورا، علی گڑھ۔ ۲۰۲۰۰۲

**IDARAH ULUM AL- QURAN**

Shibli Bagh, near Zakir Husain Hostel, Doharra, Aligarh-202002

© rasailojaraid.com